کش میں پروف خوانی بھی کتاب کے شایان شان ہوتی تو کتنا اچھا ہوتا۔(س - م - خ)

تعارف کتب

☆ **المعارف**' ابن قتیبہ' ترجمہ: پروفیسر علی محسن صدیقی۔ ناشر: قرطاس' سی ۶۸ سٹاف ٹاؤن' کراچی یونی ورسٹی۔ صفحات: ۵۳۵۔ قیمت: درج نہیں۔ [عباسی دور کے نامور عالم ابن قتیبہ کی تحقیقی کاوش کا ترجمہ۔ ''اسلامی تاریخ کا بنیادی ماخذ'' (سرورق)۔ آدم وحوا' انبیاے سابقون' عہد نبویؐ' سیرت رسولؐ' تذکرہ صحابہؓ' تابعین و تبع تابعین' ارباب فضل وکمال' ماہرین انساب' شعرا' علما' مساجد' فتوحات اسلامی' عرب بادشاہ' وغیرہ پر معلومات --- گویا ایک طرح کا انسائی کلوپیڈیا ہے۔ مترجم کے مقدمے میں مولف اور زیرنظر کتاب کا مفصل تعارف۔]

☆ **قرار دل**' مولانا مفتی رضاء الحق' مرتبہ: مولانا عبدالباری۔ ناشر: زم زم پبلشرز' نزد مقدس مسجد' اردو بازار' کراچی۔ صفحات: ۲۴۸۔ قیمت: ۲۲۰ روپے۔ [مفتی رضاء الحق (وطن: صوابی' صوبہ سرحد' حال مدرس دارالعلوم زکریا' لینیشیا جنوبی افریقہ) کا اردو مجموعہ کلام۔ نعتیں' منظومات' غزلیات' مرثیے۔ ایک حصہ عربی منظومات و مراثی پر مشتمل ہے۔ مرتب نے عربی نظموں کا شعر بہ شعر ترجمہ اور جملہ اردو' عربی کلام پر بڑی محنت وکاوش سے حواشی دیے ہیں' خصوصاً علماے دیوبند پر سوانحی معلومات۔]

☆ **مسلم مسئلہ کی تفہیم**' راشد شاذ۔ ناشر: ملی پبلی کیشنز' ابوالفضل انکلیو' جامعہ نگر' نئی دہلی۔ صفحات: ۱۲۰۔ قیمت: ۸۰ روپے۔ [مصنف کے خیال میں ہندی مسلمان: ''غیرشعوری طور پر ایک نظریاتی اُمت الٰہی مشن سے دست بردار ہوکر سیکولرزم کی جھولی'' میں جاگرے ہیں۔ مصنف نے چند بنیادی سوال اٹھائے ہیں' مگر پس چہ باید کرد کا کوئی واضح جواب نہیں ملتا' فقط یہ کہ: ''فکر اسلامی کی تشکیل نو کے بغیر فلاح و بہبود کا کوئی منصوبہ اور اصلاح معاشرہ کی کوئی کوشش نتیجہ خیز نہیں ہوسکتی''۔]

☆ **نذرانۂ عقیدت**' مرتبہ: فضل ربی ندوی۔ ناشر: مجلس نشریات اسلام' ۱-کے' ۳ ناظم آباد مینشن' ناظم آباد نمبر۱' کراچی-۷۴۶۰۰۔ [مولانا ابوالحسنؒ علی ندوی کی وفات پر تعمیر حیات لکھنو اور بانگ درا' لکھنؤ کے خاص نمبروں کے مضامین کا مجموعہ' بعض پاکستانی اہل قلم کی تحریروں کے اضافے کے ساتھ --- مولانا ندویؒ کے ''حالات' امتیازات' افکار و نظریات' دعوتی' علمی' تصنیفی اور اصلاحی وتجدیدی خدمات پر سیرحاصل بحث''۔]

☆ **مجلّہ بزم قرآن**' فہم قرآن نمبر' مدیر: عبدالرحمٰن درانی۔ ناشر: بزم قرآن معرفت منشورات اسلامی' ڈاک خانہ اعوان ٹاؤن' ملتان روڈ' لاہور۔ صفحات: ۲۴۰۔ قیمت: ۳۰ روپے۔ [آسان' عام فہم انداز میں قرآنی مطالب و مفاہیم اور واقعات کی تفہیم --- بچوں اور نوجوانوں کو تحفے میں دینے کے لیے مفید مجموعہ۔]

☆ **مجاہدین ختم نبوت کی داستانیں**' محمد طاہر رزاق۔ ناشر: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت' حضوری باغ روڈ' ملتان۔ صفحات: ۲۰۰۔ قیمت: ۹۰ روپے۔ [مختلف کتابوں اور اخبارات و رسائل سے ردّ قادیانیت کے لیے' بعض اصحاب کی کاوشوں اور اس ضمن میں احرار کی خدمات کا تذکرہ' چند ایک مرزائیوں کے قبولِ اسلام کے دل چسپ واقعات اور قادیانیوں کے ساتھ مکالمے وغیرہ۔]